ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :09　　　　مورخہ: 01-01-2026

ایس او پی برائے عید الاضحیٰ

1- ابدالین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی نے مویشیوں اور قربانی کے جانوروں کو رکھنے کے لیے جگہیں مختص کی ہیں۔

2- سوسائٹی کے مکینوں کو عید الاضحی سے ایک ہفتہ قبل اپنے قربانی کے جانور ابدالین مینجمنٹ کمیٹی کے بتائے گے مخصوص مقامات پہ رکھنے کی اجازت ہو گی۔

3- سوسائٹی انتظامیہ جانوروں کے ریوڑ کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ان مخصوص جگہوں پر سیکورٹی گارڈ کی تعیناتی کو یقینی بنائے گی تاہم مکین ٹائی رسی یا ٹائی چین کا انتظام خود کریں گے۔

4- قربانی کے جانور کا مالک قربانی کے جانور / مویشی کے کھانے کی گرت / خوراک کا بندوبست خود کرے گا۔

5- مکین اپنے جانوروں کو کھلانے کے خود ذمہ دار ہوں گے اور مویشیوں کے ریوڑ کے لیے پینے کے پانی کا بندوبست بھی یقینی بنائیں گے۔

6- اگر رہائشیوں کے قربانی کے جانور مختص جگہ پر باندھے ہوئے کسی قربانی کے جانور کا طبعی یا حادثاتی انتقال ہو جائے تو انتظامیہ اس کی ذمہ دار نہ ہو گی۔

7- ہر قربانی کے جانور / مویشی کو ایک نمبر آلاٹ کیا جائے گا جو رہائشی کے گھر کا نمبر ہو گا۔ کرایہ داروں کی صورت میں پرچی پر لکھا جائے گا۔ غیر رہائشی افراد کے جانور اندر لانا یا باندھنا ممنوع ہے۔

8- اگر رہائشی اپنے قربانی کے جانور کو اپنی تحویل میں لینا چاہتے ہوں تو ڈیوٹی پر موجود سیکورٹی گارڈ قربانی کے جانور کو انٹری رجسٹر میں ریکارڈ کر کے قربانی کے جانور کو رہائشی کے حوالے کرے گا۔

9- سوسائٹی کا دفتر قربانی کے جانوروں کے لیے ڈوری یا پٹہ پر نمبر ٹیگز کا انتظام کرے گا۔ کسی پرائیویٹ ٹیگ کی اجازت نہ ہو گی۔

10- قربانی کے جانور سے منسلک نمبر ٹیگ پیش کرنے پر جانور کو صرف عید کے دنوں میں قربانی کے لیے چھوڑا جائے گا۔ کسی بھی جانور کو ٹیگ نمبر اور مجاز رہائشی (مقامیوں) کے بغیر نہیں چھوڑا جائے گا۔

11- رہائشیوں کی طرف سے ایک ہفتے سے پہلے لائے جانے والے قربانی کے جانوروں کو رہائشی اپنے گھروں میں رکھے گے۔ تاہم اس کی اجازت 30 دن سے زیادہ کے لیے نہ ہو گی۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

12۔ رہائشی اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ قربانی کے جانور سوسائٹی میں کھلے عام نہ گھومیں اور سڑکوں، گلیوں میں فضلہ نہ پھیلا ئیں۔

13۔ رہائشی اس بات کو یقینی بنائیں کہ قربانی کے جانوروں کو کھلے پلاٹوں، گرین بیلٹس یا سڑکوں پر نہ باندھیں۔

14۔ مکین اپنے خرچ پر قصاب کا انتظام کریں گے۔

15۔ رہائشیوں کو میونسپل کمیٹی کی طرف سے فراہم کردہ تھیلوں میں تمام فضلہ کو ٹھکانے لگانے کو یقینی بنانا ہو گا۔

16۔ رہائشی حضرات کے لئے لازم ہے کہ قربانی کے جانوروں کی کھال کو ٹھکانے لگانے یا اسے اپنی مرضی سے کسی بھی ادارے یا شخص کو بھجوانے کو بھی یقینی بنائیں گے۔

17۔ سوسائٹی انتظامیہ کسی بھی تنظیم یا انسٹی ٹیوٹ یا شخص کو جانوروں کی کھالیں جمع کرنے کے لیے کوئی سٹال / کیمپ سوسائٹی کی حدود میں لگانے کی اجازت ہرگز نہ دے گی۔

18۔ سوسائٹی آفس قربانی کے جانوروں کی کھال وصول یا جمع نہیں کرے گا۔

19۔ مکین اپنے گھر اور سوسائٹی کی گلی، سڑک، پارک وغیرہ کو خون کے چھینٹے یا جانوروں کے فضلے سے صاف رکھنے کو یقینی بنائیں گے اور سوسائٹی کی صفائی کو یقینی بنائیں گے۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore